**بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ**

نمبر م اب س/۲/۲۰۱۸ مورخہ یکم جون ۲۰۲۱ء

بجانب:۔

جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

عنوان:۔ **قرارداد نمبر ۱۱۰**

**بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۲۸ مئی ۲۰۲۱ء میں ایوان سے پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر ۱۱۰ منجانب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، قائد حزب اختلاف برائے ملاحظہ ومزید کارروائی ارسال خدمت ہے:۔**

**﴿قرارداد﴾**

ہرگاہ کہ ہمارے معاشرے میں برداشت تحمل، درگزر اخلاقی ضابطوں کے فلاحی اور اصلاحی اقدامات کی پامالی اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہے جسکی وجہ سے معاشرہ میں شدید بے چینی پھیلی ہوئی ہے جبکہ پیغمبر خداﷺ کے اعلیٰ اخلاقی معیار جو مسلم معاشرہ کا طرہ امتیاز ہے سے مسلسل روگردانی کی جارہی ہے جس کے سبب نہ صرف عام بلکہ اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ بھی اس عذاب کا شکار ہیں اور معاشرے میں ہونیوالی قبائلی دشمنیاں، روزمرہ کے جھگڑے، دھونس، زبردستی، بے جا مرغوبیت اور خوف و ہراس کے عوامل کی وجہ بھی یہی ہے۔ معاشرے میں لاقانونیت اور انتظامیہ کا استحصالی قوتوں کی سرکوبی نہ کرنے کے باعث ہر شخص اپنی مرضی کا عمل کرنے میں آزادی محسوس کرتا ہے ان حالات میں معاشرہ کا وہ طبقہ جو شرافت، عزت، وقار اور اپنی محنت وقابلیت کے بل بوتے پر زندگی گزارنے کا خواہشمند ہو اپنی عزت اور جان و مال کی حفاظت کرنے میں انتہائی مشکلات سے دوچار ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ قانون کے بلاتفریق نفاذ اور استحصالی قوتوں کی سرکوبی کو یقینی بنانے نیز معاشرہ میں عدم برداشت کے خاتمے اور معاشرہ کیلئے اعلیٰ اخلاقی معیار پر مبنی ہدایات کو باعمل بنانے کے سلسلے میں حکومتی سطح پر سیمینار اور اجتماعات کے انعقاد کو بھی یقینی بنائے تاکہ معاشرہ میں سدھار لانا ممکن ہو سکے۔

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

**نقل برائے اطلاع وضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔**

۱) ملک سکندر خان ایڈووکیٹ قائد حزب اختلاف، بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۲) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔
۳) جناب ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ وقبائلی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۴) جناب سیکریٹری برائے اسپیکر، بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۵) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

01/06/2021

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner